© rasailojaraid.com



# ,, المفضّليات ,,

## ( ایک تحقیقی جائزہ)

ڈاکٹر عطیه خلیل عرب

علم و ادب اور بحث و تنقید کے اکثر ائمه کا اتفاق ہے که قدیم عربی شاعری کے علمی ادبی اور لُغَوی مجموعه (المفضّلیـات) کا اصـل راوی اورجامع المفضل الضبی هی ہے چنانچه یه مجموعه اسی کی نسبت سے مشہور چلا آ رها ہے(١) ـ

المفضلیات میں ١٢٦، ١٣٠ قصائد هیں جو ٦٦ شعرۂ کے ٢٧، ٢٧ اشعـار پـر مشتمـل هیـں ـ اس مجموعه میں جاهلی، مخضرم اور اموی دور کے شعراء کا کلام جمع کیا گیا ہے اور حال هی میں ایک متداول شرح (استاذ احمد شاکر او عبدالسلام هارون کی ) کا نیا ایڈیشن آیا ہے ـ ان کے مقدمه کے چند کلمات سے هم اس بحث کا آغاز کرتے هیں ـ (ولا نعلم قبل المفضل أقدم على أن يصنع للناس اختيارا من الشعر) هم کو علم نهیں که المفضل سے قبل کسی نے منتخب اشعار کا مجموعه شائقین کی نذر کیا هو ) ـ

تاریخی شهادت کے باوجود علم و ادب اور تحقیق و تدوین کے شائقین کیلئے یه امر دلچسپی سے خالی نه هوگا که مختلف ادوار میں متعدد مؤرخین و ناقدین ادب عربی نے اس کے اصل راوی اور جامع

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کو موضوع بحث بنایا ۔ دوسری صدی میں کوفه اور بصره کے دو مدارس فکر پیدا ہو گئے تھے، کوفه کے مدرسه فکر کا امام المفضل الضبی اور بصره کے مدرسه فکر کا امام الأصمعی تھا ۔ یه دونوں اپنی اپنی جگه روایت، درایت ، نقد و بلاغت اور لغت کے امام اور ماہر تسلیم کئے جاتے ہیں ۔ نیز صدیوں سے المفضلیات کو علمی مجالس اور عظیم تعلیمی اداروں میں زبان و روایت کے اعتبار سے نہایت ثقه مرجع و مصدر کی حیثیت سے اہمیت دی جاتی رہی ہے۔ تاہم تقریباً ہر دور میں یه سوال ضرور اٹھایا گیا که اس کا اصل راوی کون ہے اور جمع و تدوین کس کس کی سلامتِ ذوق یا حسنِ انتخاب کا ثمر ہے ۔

ابوالفرج الاصفهانی کی رائے :

ہماری نظر میں تاریخ ادب عربی کے معروف عالم اور مشہور مؤرخ ابوالفرج الاصفهانی نے سب سے پہلے اس رائےکا اظہار کیا اور اپنی اسناد کے ساتھ درج کیا : ,,عن ابن الاعرابی ، عن ابی عثمان الیقطری ، وعن علی بن ابی الحسن ثلاثتهم عن المفضل الضبی قال : ,,کان ابراهیم بن عبدالله بن الحسن ( بن حسن بن علی بن ابی طالب ) متواریا عندی ، فکنت اخرج واترکه ، فقال لی : انک اذا خرجت ضاق صدری ، فاخرج الی شیئا من کتبک أتفرج به . فاخرجت الیه کتبا من الشعر ، فاختار منها سبعین قصیدة ، التی صدرت بها اختیار الشعراء ، ثم أتممت علیها باقی الکتاب ،، (۲)۔

(مفضل کے شاگرد رشید الأعرابی جو اسکا خاص راوی بھی تھا اور وہ اور ابو عثمان الیقطری یه تینوں المفضل کے راوی ہیں انہوں نے المفضل سے روایت کی ہے که ابراهیم بن عبدالله بن حسن میرے پاس روپوش تھے انہوں نے تنہائی اور وحشت کا شکوہ کیا که

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



تم باهر نکل جاتے ہو تو میرا جی گھبراتا ہے ، کچھ کتابیں اپنی نکال دو تو میں مطالعہ کروں اور جی بہلاؤں ۔ میں نے حکم کی تعمیل کر دی ابراھیم نے اُن کتب ( متفرق اجزاء) میں سے اپنی نفاست طبع اور ذوق سلیم کی روشنی میں ستر (۷۰) قصائد منتخب کر لئے ۔ ان کے بعد مجھکو بھی خیال آیا اور میں نے اپنا انتخاب شامل کیا تو کتاب یا مجموعہ مکمل ہو گیا ، لیکن میں نے اس مجموعہ کا آغاز ابراھیم کے منتخب اور معیاری قصائد ھی سے کرنا مناسب سمجھا ،، (۳)

المفضلّیات کی ترتیب آج بھی وھی ہے جو المفضل الضبی نے ابراھیم بن عبداللہ کے انتخاب سے شروع کی تھی اور اولین قصیدہ تابط شرا کا ہے ۔ جس کا مطلع :

یا عیـد مَا لَکَ مِن شَوقِ وَ اِیرَاقِ     وَ مَرَّ طیفٍ من الأهوال طَرّاق

**ابوعلی القالی کی رائے :**

ابو علی القالی معروف ادیب، ناقد اور کئی اعلی ادبی کتب کا مصنف گذرا ہے اس نے اپنی کتاب (الأمالی) میں یہ روایت بیان کی ہے (أملی علینا أبو عکرمة الضبی (۴) المفضلیات من أولها الی اخرها ، وذکر ان المفضل اخرج منها ثمانین قصیدة للمهدی، وقرئت بعد علی الأصمعی فصارت مائة و عشرین :. قال ابو الحسن الاخفش ـــ اخبرنا ابو العباس ثعلب ان ابا العالیة الانطاکی والسدری وعافیة بن شبیب (وهولاء کلهم بصریون من اصحاب الأصمعی) اخبروه انهم قرؤا (علی الأصمعی) المفضلیات ثم استقرءوا الشعر، فاخذوا من کل شاعر خیار شعره وضموه الی المفضلیات ، وسألوه (الأصمعی) عما فیه مما أشکل علیهم من معانی الشعر وغریبه، فکثرت جدا (۵) ۔

(مشهور نحوی الأخفش اور محمد بن اصفهانی سے القالی نے یہ روایت بیان کی کہ ابو عکرمہ الضبی نے ہم کو اول سے آخر تک

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



المفضلیات املاء کرائی اور یہ بھی بتایا کہ المفضل نے خود اس میں سے اسی (۸۰) قصائد شاہزادہ مہدی کیلئے منتخب کئے تھے۔ پھر بعد میں الأصمعی سے بڑھے گئے تو انکی تعداد ایک سو بیس ہو گئی تھی اَخفش کا بیان ہے کہ اسکو ثعلب، انطاکی اور شبیب نے (جو بصرہ کے مکتب فکر کے امام الأصمعی کے ساتھیوں میں سے ہیں) اور ان سب نے الأصمعی کو المفضلیات سنائی اور پھر خود بھی بڑھوا کر سنی اور اَصمعی سے مشکل اشعار کے معانی اور غریب ( نامانوس) الفاظ کی شرح سمجھی . تب تو المفضلیات کے اشعار اور بھی بڑھ گئے . ) (۶) قالی نے خود بھی المفضلیات کا قصیدہ ( ۳۰ ـ عبد یغوث الحارثی کا) الأخفش سے پڑھا تھا ـ

ابن الندیم کی رائے :

ابن الندیم نے کتاب الفہرست میں المفضل کے بارے میں لکھا ہے : ( فضل نے ابراهیم بن عبداللہ کے ساتھ خروج کیا تھا ، لیکن ابو جعفر المنصور نے اس شرط پر اسکو معاف کر دیا کہ وہ المہدی کا اتالیق بننا قبول کر لے ـ تب المفضل نے مہدی کو لغت، شعر و ادب عربی کی تاریخ وغیرہ کی تعلیم دینے اور اس میں عربی کردار پیدا کرنے کیلئے جاهلیت کے ساتھ ساتھ مخضرم اور اموی دور کے بلند پایہ شعراء کے کلام کا انتخاب کیا ـ یہ کم و بیش ایک سو اٹھائیس (۱۲۸) قصائد تھے ـ ابن الندیم، ابن الأعرابی کی قابل اعتماد روایت کا ذکر کرتے ہیں :

,,روایت و تعداد میں کمی بیشی یا تقدیم و تأخیر ہو سکتی ہے . لیکن معتبر اور مستند روایت وہی ہو گی جو المفضل سے ابن الأعرابی نے بیان کی ہو . (۷)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



امام جلال الدین السیوطی کا بیان :

امام سیوطی کی همه جهت شخصیت کسی تعارف کی محتاج نهیں وه اپنی متداول کتاب ( المزهر) میں رقم طراز هیں : ( ورد کذلک عن المفضل حین قال له العباس بن بکار : ما أحسن اختیارک للاشعار ، فلوز دتنا من اختیارک ؟ ) المفضل کے سلسلے میں یه قول وارد هوا ہے که اس سے عباس بن بکار نے اسکے ذوق سلیم کی تعریف کرتے هوئے کہا ,,تم نے اشعار کا کس درجه حسین انتخاب کیا ہے کیا هی اچها هوتا که تم اهل ذوق کی خاطر مزید اشعار منتخب کر لیتے اس کے جواب میں المفضل نے پوری ادبی اور راویانه دیانت داری کیساتھ جواب دیا که در اصل اس میں ابراهیم کے حسن نظر کا بهی حصه ہے اور یه بهی اعتراف کیا ( کان ابراهیم أحفظ الناس للشعر فجمع فاخرجته فقال الناس انها اختیار المفضل ) یعنی ابراهیم کو سب سے زیاده شعر یاد تهے انهوں نے جمع کر دیئے اور میں نے انکی تخریج کی تو لوگوں نے مشهور کر دیا که یه المفضل کا انتخاب ہے ) (۸) ۔

علامه عبدالعزیز المیمنی کی رائے :

علامه عبدالعزیز المیمنی نے سمط اللالی کے بعد ذیل الأمالی تحقیق کی اس پر جو بیش قیمت حواشی تحریر کئے انکا ایک حصه همارے موضوع سے بهی متعلق ہے ۔ علامه المیمنی نے قدماء کی رائے سے اختلاف بهی کیا ہے لیکن ابتداء میں یه ضرور کہا ہے که ( یوجد فی بعض النسخ ۔ بدار التحف البریطانیة ۔ ۱۵۰ قصیدة ، بعضها فی طبعة الاصمعیات ، ولکن کاتبها یظن جمیعها من المفضلیات حیث یقول بآخرها ,,هذا آخر المفضلیات المعروف ,, علامه میمنی نے بعض نسخوں میں خاص طور پر برٹش میوزیم میں جو اصمعیات کا ایڈیشن

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



دیکھا ہے اس میں ۱۵۰ قصائد ھیں لیکن ان کا کاتب خیال کرتا ہے کہ یہ سب کے سب المفضلیات میں سے ھیں جیسا کہ آخر میں لکھتا ہے ( یہ مشہور کتاب المفضلیات کا آخری حصہ ہے ) پھر علامہ میمن اپنے ایک لیکچر میں جو انھوں نے ۱۹۳۴ء میں مدراس یونیورسٹی میں دیا تھا ، فرماتے ھیں ( میں نے ثعلب کے ھمنشین ابن وداع کے ھاتھ کا لکھا ھوا نسخہ ( المفضلیات کا ) دیکھا ہے آگے چل کر میں ثابت کر دوں گا البتہ اصمعیات کے نسخوں میں بھی غیر معمولی اختلاف پایا جاتا ہے جن کا تعلق قصائد کی تعداد سے ہے . کتاب الاختیارین میں یہ اختلاف نمایاں نظر آتا ہے کہ وہ قصائد نہ تو اصمعی کا انتخاب ھیں اور نہ ھی مفضل کا . گویا مجھول علماء کا انتخاب تھا ( وکذا شرحہ ، ھذا والذی یتخلص من کل ھذا ان المفضلیات صنعة الأنباری مما یوثق بہ ) یہی شرح کا حال ہے ، اور ان تمام جھنجٹوں سے نجات کا راستہ یہ ھو سکتا ہے کہ اس کو انباری کی روایت پر محمول کر لیا جائے جس پر شبہ نہیں کیا جا سکتا . (۹)

میمن صاحب نے الأنباری پراعتماد کا اظھارکیا ہے اور الأنباری کا بیان یہ ہے . ( أملی علینا عامر بن عمران ابو عکرمة الضبی ھذہ القصائد المختارة ، المنسوبة الی المفضل بن محمد الضبی ، املاء ، مجلسا ، مجلسا من اولھا الی اخرھا . و ذکر انہ اخذھا عن ابی عبداللہ الاعرابی و ذکر انہ اخذھا عن المفضل الضبی ) ابو محمد القاسم بن محمد بن بشار الأنباری نے شرح المفضلیات کے آغاز میں لکھا ہے کہ ( عامر بن عمران ابو عکرمة ضبی نے وہ تمام کے تمام قصائد اول تا آخر ھم کو کئی نشستوں میں املاء کرائے جو المفضل الضبی کیطرف منسوب ھیں . اور یہ بھی بتایا کہ اس نے الأعرابی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



سے اور الأعرابی نے براہ راست المفضل سے روایت کئے تھے . )
ہماری نظر میں الأعرابی ایک منفرد شخصیت کا مالک تھا جبکہ اسکا شمار اکابر ین لغت و نحو اور روایت شعر میں ہوتا ہے. دوسری امتیازی خصوصیت یہ کہ وہ المفضل کا پر وردہ ، اسکا شاگرد رشـید اور اسکا راوی تھا . الأعرابی نے المفضل سے متعدد دواوین سنے اور تصحیح کا کام بھی سر انجام دیا . اسکی پیدائش کا سال ۱۵۰ اور وفات ۲۳۲ ھجری ہے . المفضل الضبی کو کوفہ کے مدرسۂ فکر کے امام کے علاوہ المھدی کے اتالیق ہونے کا شرف بھی اس اَمر پر دلالت کرتا ہے کہ المفضلیات محض برائے نام اسکی طرف منسوب نہیں کی جا سکتی جبکہ دوسری صدی سے آج تک بارہ سو دس سال سے مسلسل اُسی نسبت ، اَھمیت اور حیثیت سے پڑھی پڑھائی جاتی ہے اور المفضل کی علمی عظمت اور روایت و لغت کا امام ہونے کی بناء پر اس کا شمار ثقہ مصادر میں ہوتا ہے۔اس ضمن میں بھی امالی للقالی کی روایت سے ہم استشہاد کرتے ھیں ۔ ( فقد روی القالی فی الامالی عن أبی عکرمة قال : مر أبو جعفر المنصور بالمھدی وھو ینشد المفضل قصیدة ,,المسیب بن علس ،، التی اولھا (ارحلت) وذکر القصیدة ، ثم قال : فلم یزل واقفا حیث لا یشعر به حتی استوفی سماعھا ، ثم صار الی مجلس له ۔ وأمر باحضارھما ، فحدث المفضل بوقوفه و استماعه لقصیدة المسیب و استحسانه إیا ھا ، وقال له لو عمدت إلی اشعار المقلین ، إخترت لفتاک لکل شاعر اجود ما قال لکان ذلک صوابا ففعل المفضل فبھذہ نجزم انھا من الثمانین)(۱۰)
( قـالـی نـے ابو عکرمہ سے روایت بیان کی ہے کہ ایک مرتبہ ابو جعفر المنصور مھدی کی طرف سے گذرا جبکہ وہ اپنے استاذ المفضل سے سبق لے رھا تھا اور المسیب کا وہ قصیدہ جو (أرَحلْتَ) سے شروع

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ھوتا ہے پڑھ کر سنارھا تھا خلیفہ ایسی جگہ خاموشی سے سنتا رھا جہاں اسکو کوئی دیکھ نہیں سکتا تھا ، پورا قصیدہ سن کر وہ اپنی جگہ واپس آ گیا اور ان دونوں کو بلوایا ۔ پھر خود ھی المفضل کو المنصور نے بتا دیا کہ وہ چھپ کر المسیب کا قصیدہ سن رھا تھا نیز اس پر اپنی پسندیدگی کا اظہار بھی کیا ۔ المنصور خود بھی معانی شعر سے واقف تھااور شعراء کی اھمیت جانتا تھا ، اس نے المفضل کو مشورہ دیا کہ کم گو معیاری شعراء کا کلام اپنے نوخیز شاگرد کیلئے انتخاب کرے اور اَکابر شعراء کا خوبصورت اور بہترین مجموعہ جمع کر دیا جائے ، تو معتمد نے ایسا ھی کیا اس بنیاد پر ھم وثوق سے کہہ سکتے ھیں کہ یہ المفضل کا کارنامہ ہے خواہ اسّی (۸۰) میں سے ھو )۔

چھٹی صدی ھجری کے مؤرخ صاحب منتھی الطلب ھوں یا تین صدی قبل کے ابن قتیبہ ھوں حیرت کی بات ہے کہ ان ذی علم شخصیتوں میں اختلاف بھی ہے اور اتفاق بھی قطعی اور حتمی فیصلہ کوئی نہیں کرتا ۔ سب سے بڑی بات تو یہ ہے کہ منتھی الطلب کے مقدمہ ( یہ ایک ھزار شعراء کے کلام کا ذخیرہ ہے ) میں صاحب کتاب رقم طراز ھیں کہ میں نے اپنی کتاب میں المفضل اور الأصمعی کے منتخب قصائد المفضلیات اورالاُصمعیات سے بھی لیکر شامل کئے ھیں ,,المفضلیات کے قصائد پر خاص طور سے توجہ دی اور ان کے اصل نمبر مثلاً (۱ : ۴۷ : ۵۰ : ۵۴) کی وضاحت بھی کی ہے کہ (وھی مفضلیة ، وقد قرأتھا علی شیخی ابن الخشاب رحمه الله تعالی ویسکت عن الآخرین) یہ المفضلیات کے قصائد ھیں جو میں نے اپنے شیخ ابن الخشاب سے پوری المفضلیات میں سے چھانٹ کر پڑھے تھے ۔ باقی قصائد کا کوئی ذکر نہیں کیا ،، (۱۱) ۔

مختلف ادوار کے مختلف مؤرخین و علماء کی آراء کا تفصیلی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جائزہ لینے کے بعد معلوم یہ ہوتا ہے کہ الأصفهانی **۳۵۶ ھ**) اور امام سیوطی (۹۱۱ھ) میں صدیوں کا درمیانی فاصلہ ہے اور اسی قدر ان کے افکار و نظریات میں بھی فرق ملتا ہے ۔ ہم اگر اغلبیت کی آراء پر اعتماد کریں تو ہمکو الأصفهانی کا بیان تائیدی ملیگا اور سیوطی پر یقین کریں تو سارا مجموعہ ابراھیم کا مرہون منت ہوگا ۔ لیکن المفضل کی اپنی بار بار یقین دھانی ، ابن الأعرابی کی روایت ، ابوعکرمہ کا بیان یہ ثابت کر سکتا ہے کہ ممکن ہے المفضل نے ابراھیم کے کشکول سے استفادہ کیا ہو جیسا کہ اس نے ستر دیگر قصائد شعراء کے نام کے بغیر تسلیم کئے ھیں تو بنا بریں المفضل کے قول پر اعتماد کرنا پڑتا ہے ۔ اور الأصفهانی کی اسناد بھی ابن اعرابی سے متصل ھیں ۔ اس لحاظ سے امام سیوطی کی رائے محل نظر ہے ۔

ہماری یہ رائے کہ ,,المفضلیات ایک قدیم ترین مجموعہ ہے اور اس کا جامع المفضّل ہے ،، کی تائید الأنباری ، المیمنی، القالی اور صاحب منتھی الطلب ،جیسی ذی علم شخصیتوں کے بیانات پر مبنی ہے نیز خلیفہ منصور کی مہدی کیلئے قدیم عربی شعراء کا مجموعۂ کلام منتخب کرنے کی فرمائش والی روایت سے بھی ہماری رائے کو تقویت ملتی ہے ۔المفضّلیات کو علمی دُنیا میں بہت اہمیت حاصل ہے ۔کار لائل نے اپنے فاضلانہ مقدمہ کے ساتھ **۱۹۱۲**ء میں اسے شائع کیا ۔ **۱۹۸۳**ء میں ڈاکٹر علی احمد علام نے ڈاکٹر مصطفیٰ ھدارہ کی نگرانی میں جدید نوعیت کی طرح ڈالی اور اس کتاب کو لغت و ادب کی دستاویز ثابت کیا ہے ۔ الغرض قدیم شاعری اور تاریخ ادب عربی کا کوئی استاد ہو یا طالب علم وہ المفضلیات سے بے نیاز نہیں رہ سکتا۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



# حواشی

(١) عربی زبان کی کتب تفسیر و حدیث نیز تاریخ و ادب و نحو کے بیشتر مصادر انکے مؤلف کے نام یا وطن سے منسوب ھیں ، مثلاً تفسیر طبری ، تاریخ بغدادی ، صحیح بخاری طبقات ابن سعد۔ شرح مسلم بن عقیل (نحومین) . اکثر صرف نسبت یاد رھتی ہے اور مصنف کا نام و نسب بعد میں دیکھا جاتا ہے۔

(٢) ابراھیم بن عبداللہ اور المفضل نے عباسی خلیفہ کے خلاف علم بغاوت بلند کیا تھا، اسی وجہ سے وہ اس کے گھر میں روپوش یا پناہ گزین تھے۔

(٣) مقاتل الطالبین ، طبع القاھرۃ ، ص ٣٣٩ ـ ٣٤٧ .

(٤) الامالی ج ٣ ص ١٣٠ ، طبع الدار .

(٥) معجم الادباء ج ٤ ص ٢٨٣ ابو عکرمہ کی روایت ثقہ ہے ، وہ المفضل کے راوی ابن الأعرابی کا راوی تھا اور اس سے الانباری نے جو بجائے خود ثقہ راوی تھا المفضلیات روایت کی وہ بلا کا ذھین اور اشعار عرب کا سب سے زیادہ جاننے اور جانچنے والا تھا بلکہ اشعار کا عظیم راوی گذرا ہے . وفات ٢٥٠ ھ

(٦) المفضلیات المقدمۃ ص ١١ دار المعارف ، مصر

(٧) کتاب الفہرست ، ص ١٠٢

(٨) المزھر فی علوم اللغۃ ج ٢ ص ٣١٩ طبع بولاق ، قاھرۃ

(٩) ملاحظہ ھو : سمط اللالی ج ٣ ص ٦١ ـ

(١٠) الامالی ج ٣ ص ١٣٠ : ١٣٢ ـ للقالی .

(١١) منتھی الطلب ج ١ ص ٣١١ ـ ٣١٨ .

© rasailojaraid.com